Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

مینڈیٹ چور وزیر اعلیٰ پنجاب کی رہائش گاہ کی سیکورٹی کے نام پر کروڑوں کے اخراجات کی کوششیں

پاکستان تحریک انصاف نے پنجاب حکومت سے اخراجات کی تفصیلات طلب کرلیں

پنجاب کے عوام مہنگائی، بے روزگاری اور وسائل کی شدید قلت کے بوجھ تلے سسک رہے ہیں،

پنجاب کی نوکر شاہی میں شریفوں کے ٹاؤٹس خزانے کو شیر مادر کیطرح فارم 47 زدہ ٹک ٹاکر کے نخروں پر اڑا رہی ہے،

اس سے پہلے اس کا باپ اور چچا صوبائی خزانے کو میاں شریف مرحوم کی میراث سمجھ کر اڑاتے رہے،

اس کے بڑوں نے 364 ملین جاتی امرا کی سیکیورٹی پر اڑائے جبکہ یہ مینڈیٹ چور خاتون 149.1 ملین اڑانے کی تیاریوں میں ہے،

عمران خان وزیراعظم تھے تو اپنی ذاتی رہائشگاہ میں مقیم رہے اور بنی گالہ کی سیکیورٹی کے تمام اخراجات انہوں نے اپنی جیب سے ادا کئے،

پنجاب کی نوکر شاہی شرم وحیا کا مظاہرہ کرے اور عوام کا پیسہ مینڈیٹ چور کی مرضی سے برباد کرنے سے باز آئے، پاکستان تحریک انصاف ایوان میں معاملہ اٹھائے گی اور خزانے کی بربادی کو کسی صورت قبول نہیں کرے گی،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ